اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے

DAILY PROMOTION | ABC Certified

روزنامہ پروموشن اسلام آباد

چیف ایڈیٹر الحاج چوہدری عبدالرحمٰن

ایڈیٹر محمد صدیق انظر

جلد 19 | بدھ 11 نومبر 2026ء، 30 جمادی الاول 1448ھ، 28 کاتک 2082 ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ: 181

کرپشن کے الزام لگانے والے مت حکومت میں کیوں؟ استعفیٰ دے کر گھر چلے جائیں: مریم نواز

جنہوں نے کرپشن اور رشوت خوری میں نام بنایا آج بھی باہر بیٹھے ہیں، چودہ سال کے پی کے میں حکومت رہی، جو کرپشن کی اور کھانچے لگائے آج سامنے آرہے ہیں

اب لوگ کہیں گے کہ للہ جہلم روڈ ہمارا منصوبہ ہے، آپ کا منصوبہ ہے تو چار سال کی حکومت میں کیوں نہیں بنایا؟ ان کی باتوں کیلئے زبان چلتی ہے، کام نہیں کرتے

جہلم میں 15 دسمبر کو نواز شریف سکول آف ایمینینس، جنوری میں دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادنخان میں گرین بسیں چلانے کا اعلان

وزیراعظم اپوزیشن کیساتھ نئے جھگڑے چھیڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں: بلاول بھٹو

تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کون مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، چیئرمین پی پی

عوام کو نفرت، تقسیم کی سیاست نہیں، معاشی مسائل کا حل چاہیے، سیلاب متاثرین کے گھروں کی تقریب سے خطاب



لاہور: وزیراعظم شہباز شریف COP 31 سمٹ میں شرکت کے لیے اٹلی ترکی روانہ ہو رہے ہیں

حکومت کے پاس عمران خان کیلئے کوئی ڈیل ہے نہ ڈھیل: طارق فضل چوہدری

بانی پاکستان تحریک انصاف کی رہائی کا واحد راستہ عدالتیں انہیں طبی معائنے کی سہولت حاصل ہے، وفاقی وزیر

حکومت علاج معالجے کے معاملے میں پہلے بھی غافل نہیں تھی اور آئندہ بھی کوئی غفلت نہیں برتی جائے گی، گفتگو

سعودی اتحاد نے حوثیوں کا ڈرون حملہ ناکام بنادیا

ڈرون فضا میں تباہ، 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے، سعودی اتحادی فوج



اسلام آباد: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار مارگلہ ڈائیلاگ 2026 کے افتتاحی سیشن سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

پاکستان علاقائی امن و معاشی خوشحالی کیلئے کوششیں جاری رکھے گا: نائب وزیراعظم

عالمی قوانین کا غیر منصفانہ اطلاق تفریق پیدا کرتا، اقوام متحدہ سمیت عالمی اداروں کو مزید مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا، مارگلہ ڈائیلاگ سے خطاب

ترقی پذیر ممالک کو عالمی معاشی نظام میں مساوی مواقع ملنے چاہئیں، جبکہ مالی معاونت، نجی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی عالمی ترقی کے لیے اہم ہے

ڈیکسین تیاری، خریداری میں وزارت کو لاعلم رکھا گیا، مصطفیٰ کمال

ساڑھے 10 ارب کی کرپشن کا کوئی اسکینڈل نہیں، وفاقی وزیر تعلیم کی نیوز کانفرنس



ریفرنڈم کے ذریعے آئین میں ترمیم نہیں ہوسکتی، سید نیئر حسین بخاری

نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ کرنے کا اختیار منتخب پارلیمان کے ارکان کو حاصل ہے، سیکرٹری جنرل



مفتی اویس عزیز گرفتار، پارٹی ترجمان کی مذمت

امیر جے یو آئی اسلام آباد مفتی اویس عزیز کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، ترجمان



سابق MPA عبدالمجید اچکزئی کو 10 سال قید بامشقت

ٹریفک سب انسپکٹر کی ہلاکت کے مقدمے میں 10 سال قید بامشقت کی سزا سنائی گئی



ترکیہ لوہے سٹیل فیکٹری میں دھماکا، 17 افراد جاں بحق

صدر، وزیراعظم کا اظہار افسوس

دھماکا اس وقت ہوا جب متبادل بوائلر لے جانے والی کرین گرگئی اور اس پر موجود سامان نیچے بھٹی میں جا گرا

مشکل گھڑی میں پاکستان کی دعائیں اور نیک تمنائیں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، آصف زرداری، شہباز شریف

عمران، بشریٰ سے وکلاء کی ملاقات کرانے کا حکم

بیرسٹر سلمان صفدر اور سردار لطیف کھوسہ آج اپنے موکلوں سے مل سکیں گے

موٹروے ایم فور پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم تک بھاری ٹریفک کے لیے بند

FBR کے اختیارات برقرار، ڈیٹل اور میڈیکل کالجز کی درخواستیں مسترد

حکومت کا نیسپاک، حیسکو اور سیپکو بورڈز سے متعلق اہم فیصلہ

انتظامی تجاویز کی منظوری

بورڈز میں بطور عہدہ خدمات انجام دینے والے نمائندوں کا انتخاب مناسب اہلیت، تجربے کی بنیاد پر ہونا چاہیے، وزیر خزانہ

بطور عہدہ خدمات انجام دینے والے حکومتی نمائندوں کا انتخاب تجربے کی بنیاد پر ہونا چاہیے، محمد اورنگزیب

آئینی عدالت والے اپنا کام جانیں، جسٹس جمال

منشیات کیس میں پہلے ہی کم سزا دی گئی، وکیل چاہیں تو سزا اور جرمانہ بڑھا دیتے ہیں



اسلام آباد: وفاقی وزیر خالد حسین مگسی عالمی یوم سائنس کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہیں



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز، جیل سے ہسپتال منتقل

چہل قدمی کے دوران اچانک چکر آنے سے گر پڑے تھے، ذرائع

وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے خلاف خیبرپختونخوا میں وکلا کا عدالتی بائیکاٹ

چاند نظر نہیں آیا، یکم جمادی الثانی 12 نومبر کو ہوگی

حماد اظہر کا جیل میں سہولیات کی فراہمی کیلئے عدالت سے رجوع



ترکی: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ترکی کے وزیر زراعت و جنگلات ابراہیم یومکلی سے ملاقات کر رہے ہیں

مانیکا تشدد کیس، وکلا کیخلاف فرد جرم آج عائد ہوگی

آپ لوگوں نے تماشا بنالیا، اب کیس روزانہ کی بنیاد پر ہوگا، جج طاہر عباس سپرا

بلوچستان، کیچ میں فورسز کا آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک

بال نگور میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

جائیکا نمائندے سے پاکستانی وفد کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

تربیلا حادثہ، وزیر آبی وسائل اور وزیراعظم آفس نے نوٹس لے لیا

تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کی ابتدائی منظور شدہ لاگت 82 ارب 36 کروڑ روپے تھی

تربیلا پانچویں توسیعی منصوبہ، چیئرمین واپڈا کا دورہ، تحقیقاتی انکوائری کا حکم



دبئی میں پاکستان کے قونصل جنرل علی زیب خان آٹومیکانیکا دبئی 2026 میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر رہے ہیں



لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب کے مختلف شہر فضائی آلودگی کی لپیٹ میں

لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 337، ملتان، اوکاڑہ، وہاڑی میں ایئر کوالٹی انڈیکس 500 ریکارڈ کیا گیا

قیام پاکستان کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں: چیف جسٹس سعید اکرم

سویٹ ہومز کے بچے شاعر مشرق کے شاہین ہیں، سویٹ ہومز میں منعقدہ اقبال ڈے پر تقریب سے خطاب

بچوں کا مستقبل پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید ہے جو ملک کی خدمت کریں گے، زمرد خان، میجر جنرل دلاور خان

خلیج تعاون کونسل کی کویت میں مشترکہ عسکری کمانڈ ہیڈکوارٹر قائم کرنیکی منظوری

عسکری ہیڈکوارٹرز کے مقام کے انتخاب کا یہ فیصلہ جی سی سی جوائنٹ ڈیفنس کونسل اجلاس کے دوران کیا گیا

یہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں خلیجی یکجہتی کا عملی نمونہ ہے، جی سی سی کے سیکرٹری جنرل جاسم محمد البدیوی

سٹاک مارکیٹ میں بڑا اضافہ، ایک لاکھ 79 ہزار پوائنٹس کی حد بحال

کاروباری ہفتے کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی

بھارت، آئی فونز کے پرزے بنانے والی فیکٹری میں 3 ملازمین دم گھٹ کر ہلاک



لاہور: مسافر ٹرین شدید دھند، سموگ کے درمیان محو سفر ہے

سرگودھا میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

ملزمان نے مصطفیٰ اور آصف کو فائرنگ کرکے قتل کیا اور فرار ہوگئے، ابتدائی تحقیقات

الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے 13 ویں صدر مقرر

DAILY PROMOTION
روزنامہ پروموشن اسلام آباد
ایڈیٹر محمد صدیق انظر
+92 333 5128826
حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، سکھر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے
پبلشر حاجی محمد صدیق انظر نے انکشاف پرنٹنگ پریس کمیلی ڈیم بہارہ کہو اسلام آباد سے چھپوا کر مکان نمبر 29 سٹریٹ 36 سیکٹر جی سکس ٹو اسلام آباد سے شائع کیا موبائل نمبر +92 333 5128826

اداریتی صفحہ

غزہ میں جاری انسانی المیہ!

غزہ میں اسرائیل نے معصوم اور بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے کا جو سلسلہ شروع کیا تھا، وہ امن معاہدے کے باوجود ہنوز جاری ہے۔ غزہ میں قابض اسرائیل کے مسلسل جارحانہ حملوں کے نتیجے میں گزشتہ 48 گھنٹے کے دوران اسپتالوں میں 10 شہدا کے جسد خاکی اور 22 زخمی لائے گئے۔ شہدا میں 2 سابق اسیران بھی تھے جو اپنے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے، جبکہ 2 دیگر شہدا کے جسد خاکی ملبے کے نیچے سے نکالے گئے ہیں۔ ایک جانب اسرائیل، غزہ کے وہ بے گھر افراد جو خیموں میں زندگی بسر کر رہے ہیں پر بمباری کر رہا ہے جس کے نتیجے میں روزانہ وہاں کے عوام خون میں نہا رہے ہیں دوسری جانب غزہ میں ہونے والی موسلا دھار بارشوں نے ان کے مسائل و مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ حالیہ بارشوں میں 70 ہزار خیمے ڈوب گئے ہیں، جس کی وجہ سے لاکھوں فلسطینی خاندان کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں، عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ دنوں غزہ شہر اور ملحقہ علاقوں میں 12 گھنٹے کے دوران 60 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ کئی علاقوں میں پانی کی سطح 5.1 میٹر تک بلند ہو گئی ہے، جس کی وجہ سے بے گھر خاندانوں کے پاس سونے کے لیے کوئی بھی خشک جگہ یا محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہی۔ بارش کے باعث زمین نرم ہونے سے خیموں پر ریت کے تودے گرنے کے افسوسناک واقعات پیش آ رہے ہیں، جس نے خیموں کو عارضی پناہ گاہ کے بجائے "موت کا پھندا" بنا دیا ہے، سول ڈیفنس اور ہنگامی امدادی ٹیموں کے پاس وسائل، ایندھن اور بھاری مشینری کی شدید قلت ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں ملنے والی ایمرجنسی کالز میں سے وہ بمشکل چند فی صد کا ہی بروقت جواب دے پاتے ہیں کیونکہ تباہ شدہ انفرااسٹرکچر کے باعث امداد کا پہنچنا انتہائی کٹھن ہو چکا ہے۔ غزہ میں پینے کے صاف پانی، غذائی قلت اور زندگی بچانے والی ادویات کا شدید فقدان ہے۔ سردی اور گندے پانی کے جمع ہونے سے بچوں اور خواتین میں بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں، جبکہ طبی نظام پہلے ہی زبوں حال ہے۔ اس صورتحال پر اقوام متحدہ اور دیگر انسانی حقوق کی تنظیمیں مسلسل خبردار کر رہی ہیں کہ فوری طور پر محفوظ پناہ گاہیں فراہم نہ کی گئیں اور خیموں کو خطرناک ڈھلوانوں یا ریتیلے علاقوں سے نہ ہٹایا گیا تو یہ انسانی المیہ مزید بڑے پیمانے پر جانیں لے سکتا ہے۔ غزہ میڈیا آفس کے مطابق گزشتہ روز بارش سے مالی نقصانات کا تخمینہ 30 لاکھ ڈالرز سے زائد کا لگایا گیا ہے۔ غزہ میں سرکاری میڈیا آفس کے مشیر تیسیر محیسن نے سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی لاکھوں بے گھر افراد کو درپیش انسانی سانحے کے مزید شدید ہونے سے خبردار کیا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بوسیدہ اور ناکارہ ہو چکے خیموں کی جگہ فوری طور پر 2 لاکھ 60 ہزار نئے خیموں کی ضرورت ہے، جبکہ بارش اور تیز ہواؤں کی وجہ سے 2 ہزار سے زائد مکانات رہائشیوں کے سروں پر گرنے کے شدید خطرے سے دوچار ہیں۔ اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' کے ترجمان حازم قاسم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ غزہ کی پٹی میں انسانی تباہی کا منظر اور المناک حالات کے نتیجے میں سینکڑوں خاندانوں کے اپنے خیموں میں گھر کر رہ گئے ہیں یہ صورتحال عالمی برادری کی پیشانی پر کلنک کا ٹیکا ہیں جو قابض صیہونی دشمن کو غزہ کی پٹی پر مسلط اپنے ظالمانہ محاصرے کو ختم کرنے پر مجبور کرنے میں اب بھی ناکام ہے۔ ادھر ترکیے کے صدر رجب طیب اردوان نے غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے پر عمل درآمد نہ ہونے کے نتائج سے خبردار کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ جس معاہدے تک پہنچنے اور اس پر دستخط کرنے میں ان کے ملک نے اپنا کردار ادا کیا تھا، اس پر زمین پر عمل درآمد نہیں ہو رہا اور قابض اسرائیل کی طرف سے مسلسل خلاف ورزیاں امن کے امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہیں اور خطے میں مزید تنازعات کو بھڑکانے کا سبب بن رہی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک جانب اسرائیلی جارحیت اور دوسری جانب قدرتی آفت نے غزہ کے باشندوں کو انتہائی المناک صورتحال سے دوچار کر دیا ہے، صورتحال اس قدر سنگین ہے کہ اب عالمی ادارے بھی متنبہ کر رہے ہیں کہ غزہ کے باشندوں کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم نہ کی گئیں تو انسانی المیہ رونما ہو سکتا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ عالمی برادری بالخصوص مسلم حکمران اس صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسرائیل پر زور دیں کہ وہ غزہ میں انسانی امداد کی ترسیل میں کھڑی رکاوٹوں کو دور کرے تاکہ بین الاقوامی انسانی امداد غزہ پہنچ سکے۔

غزہ کی آہوں نے ٹرمپ اور یاہو کی درگت بنائی!


خاص مضمون
عبدالرافع رسول

غازیِ کشمیر خان صاحب کرنل خان محمد خان ایک عظیم شخصیت!



ضروری التماس

تمام مقدس اوراق، قرآنی آیات مبارکہ، احادیث شریف و دیگر مقدس تحریروں کا احترام کرتے ہوئے انہیں محفوظ جگہ پر رکھیں۔

(ادارہ)

زندگی کے سفر میں گزر جاتے ہیں جو مقام وہ پھر نہیں آتے


خیالِ سامیہ
سامیہ اعظم


شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان اور خودی کا پیغامبر!


کشف اقبال
ایم جمیل احمد شاہد

سرسید کشمیر، بابائے پونچھ، کرنل خان محمد خان!


اظہارِ خیال
نجیب انظر خان

بجلی پھر مہنگی، زندگی مزید مشکل!


صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

اعلان

تمام مضامین اور تحریریں احتیاط سے شائع کی جاتی ہیں۔
تاہم کسی کی ذاتی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

(ایڈیٹر)

جیو نمبر 1

دیکھ بھال کے کام کے سلسلے میں کیے گئے ہیں۔ عراقی خبر رساں ایجنسی (آئی این اے) کے مطابق سرحدی گزرگاہوں کے ادارے کے سربراہ میجر جنرل عمر الوائلی نے بتایا کہ ایران کے ساتھ منذری بارڈر کراسنگ کو بند کر دیا گیا ہے، جبکہ الشیب سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ حکام نے گزرگاہوں کی بندش اور بحالی کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے بتایا تھا کہ امریکی محکمہ خزانہ نے بغداد سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تمام سرحدی گزرگاہیں بند کر دی جائیں، تاہم دو گزرگاہیں کھلی رکھی جائیں۔ فواد حسین کے مطابق واشنگٹن ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کی کوششوں کے تحت یہ مطالبہ کر رہا ہے۔ تاہم عراقی حکام نے منذری گزرگاہ کی بندش اور الشیب کو دوبارہ کھولنے کی وجہ مرمت اور دیکھ بھال کے کام کو قرار دیا ہے۔ عراق اور ایران کے درمیان سرحدی تجارت دونوں ملکوں کے معاشی تعلقات کا اہم حصہ ہے، اس لیے سرحدی گزرگاہوں سے متعلق فیصلوں پر خطے میں جاری معاشی اور سفارتی کشیدگی کے تناظر میں بھی نظر رکھی جا رہی ہے۔

جیو نمبر 2

دوسرے فضائی اڈے سے بھی فوجی طیارے منتقل کر دیے ہیں۔ امریکی فوج نے ایندھن فراہم کرنے والے متعدد طیاروں کو جرمنی اور دیگر مقامات پر منتقل کیا، جبکہ برطانیہ میں دو اہم امریکی فضائی اڈوں پر سکیورٹی الرٹ مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل اور خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ کارروائی انگلینڈ کے فضائی اڈے رائل ایئر فورس مِلڈن ہال پر کی گئی۔ امریکی حکام کو ایران سے منسلک ایک ممکنہ خطرے کی اطلاع موصول ہوئی تھی جس کے بعد طیاروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فضائیہ کے دو فضائی ایندھن بردار طیاروں کو جرمنی کی جانب منتقل کیا گیا، جبکہ بعد ازاں مزید طیارے بھی مختلف مقامات پر منتقل کیے گئے۔ ان طیاروں کا بنیادی کام دوران پرواز دوسرے فوجی طیاروں کو ایندھن فراہم کرنا ہے، جس سے طویل فاصلے تک فضائی کارروائیاں ممکن ہوتی ہیں۔

جیو نمبر 3

رکن کانگریس تھامس میسی نے پیش کی ہے، قرارداد پر جمعہ تک ایوان نمائندگان میں ووٹنگ ہوگی۔ رپورٹ کے مطابق امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ پر ایران سے امریکی جنگ میں نااہلی کا الزام لگایا گیا ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ کے خلاف مواخذے کی قرارداد ان کی اپنی ہی جماعت کے رکن نے پیش کی ہے، پیٹ ہیگسیتھ کے خلاف مواخذے کی قرارداد پیش کرنے والے تھامس میسی ریاست کینٹکی سے ری پبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر ایوان نمائندگان کے رکن منتخب ہوئے ہیں۔ اس سے قبل پیٹ ہیگسیتھ نے کہا تھا کہ وہ ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے



لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مہنگائی ختم نہیں ہوگی، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں: حسن مرتضیٰ

پیپلز پارٹی کا بلدیاتی نظام کے نفاذ پر زور، نئے صوبوں کے قیام جیسے اہم معاملے پر آئینی تقاضے پورے کرنا ضروری ہیں

حکومت نئے یونٹس کی بحث میں الجھنے کے بجائے عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف اور ریلیف فراہم کرے، پیپلز سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی نے نئے صوبوں کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے بلدیاتی نظام کے نفاذ، عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی اور آئینی تقاضوں کے مطابق فیصلوں پر زور دیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا کہ نئے صوبے بنانے سے نہ مہنگائی ختم ہوگی، نہ بے روزگاری میں کمی آئے گی اور نہ ہی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوں گی، اصل ضرورت عوامی مسائل حل کرنے اور اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے کی ہے۔ پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حسن مرتضیٰ نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور اس کی قیادت نے ہمیشہ عوامی قیادت کا کردار بہتر انداز میں ادا کیا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کو پارٹی نے دلیل کے ساتھ مسترد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی احکامات کے باوجود تین کنال سے زائد اراضی پر تعمیرات نہ کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری خالد حبیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

معاشی ترقی کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا حکومت کی ترجیح ہے، مرزا محمد جاوید

ہنرمند افرادی قوت اور پالیسیوں کا تسلسل معاشی استحکام کے بنیادی تقاضے ہیں، سابق رکن اسمبلی

راولپنڈی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، کاروبار کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں، سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مضبوط ادارے، ہنرمند افرادی قوت اور کاروبار دوست ماحول ضروری ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ملک کی معاشی ترقی اور استحکام کے لیے کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینا وقت کی اہم ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سرگودھا میں ختم نبوت وعظمت اصحاب رسول واہلبیت کانفرنس 13 نومبر کو ہوگی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ختم نبوت وعظمت اصحاب رسول واہلبیت کانفرنس 13 نومبر کو ہوگی جس کے انتظامات کو حتمی شکل دے کر کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں ختم نبوت واصحاب رسول واہل بیت کانفرنس 13 نومبر جامع مسجد معاویہ فاروق اعظم روڈ پر منعقد ہو گی جس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

معیار زندگی میں بہتری حکومت کی ترجیح ہے، چودھری محمد اکرم گجر

ترقیاتی وفلاحی منصوبوں سے شہری اور دیہی علاقوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں، رہنما ن لیگ

راولپنڈی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما چودھری محمد اکرم گجر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے معیار زندگی میں بہتری لانے کے لیے متعدد ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، جن کے ثمرات شہریوں تک پہنچ رہے ہیں، حکومت کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، شہری سہولیات کی بہتری اور پسماندہ علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ صوبے میں ترقیاتی سرگرمیوں کا مقصد شہریوں کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور انہیں بہتر طرز زندگی فراہم کرنا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



لاہور: ایم ڈی پارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید گل، داؤدی نمائش 2027 کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ کی ترقی کا واحد راستہ چھوٹے انتظامی یونٹس ہیں: وسیم اختر

28ویں آئینی ترمیم کے ذریعے چھوٹے انتظامی یونٹس یا نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے پیشرفت کا امکان ہے

سندھ حکومت، وڈیرے اربوں کی کرپشن اور فنڈز پر اپنا قبضہ برقرار رکھنے کیلئے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی مخالفت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما وسیم اختر نے کہا ہے کہ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق 28ویں آئینی ترمیم کے ذریعے سندھ سمیت ملک بھر میں چھوٹے انتظامی یونٹس یا نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے پیشرفت کا امکان ہے، پیپلز پارٹی سب کچھ کھا گئی ہے، سندھ کی ترقی کا واحد راستہ چھوٹے انتظامی یونٹس ہیں، کراچی میں تشدد اور اسلحے کی سیاست کی ابتداء ایم کیو ایم نے نہیں کی تھی بلکہ کلاشنکوف کلچر اور ہائی جیکنگ جیسے واقعات جماعت کے قیام سے پہلے ہی شروع ہو چکے تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ایم کیو ایم کے خلاف قائم کیے گئے بیشتر مقدمات اور عائد کردہ الزامات عدالتوں میں جھوٹے ثابت ہوئے اور جماعت کے رہنما سرخرو ہوئے۔ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



لاہور: صدر ملی یکجہتی کونسل پنجاب وامیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری ملی یکجہتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرین انجن میں خواجہ سرا کی موجودگی کی ویڈیو جعلی ہے، پاکستان ریلویز

سوشل میڈیا پر ویوز حاصل کرنے کیلئے ویڈیو چلائی گئی، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے ٹرین کے انجن میں خواجہ سرا کی موجودگی سے متعلق سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کو جعلی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یہ ویڈیو محض سوشل میڈیا پر ویوز حاصل کرنے کے لیے چلائی گئی۔ ترجمان پاکستان ریلویز کے مطابق ویڈیو پھیلانے والے افراد کے خلاف نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) میں درخواست دی جا رہی ہے تاکہ ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ پاکستان ریلویز نے ٹرین کے انجن میں خواجہ سرا کی موجودگی سے متعلق سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کو جعلی قرار دیتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

لاہور، سالگرہ کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے والے دو ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کی مدد سے ٹریس کیا گیا۔ ویڈیو میں ملزمان کو سالگرہ کی تقریب کے دوران سرعام ہوائی فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔

کشمیریوں کے دل سے پاکستان کی محبت کوئی کم نہیں کر سکتا: ڈاکٹر طاہر تبسم

پاکستان کا استحکام ہر محب وطن کے ایمان کا حصہ ہے، کرپشن، ناانصافی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہئے، جاوید صدیق، وقاص جاوید

ملک کی سلامتی، سماجی انصاف، کشمیر وفلسطین کی آزادی، قیام امن کے فروغ کے لئے کام کریں گے، سلطی وقاص، عقیل خان

راولپنڈی (خبر نگار) کشمیریوں کے دل سے پاکستان کی محبت کوئی کم نہیں کر سکتا یہ دل وجان کا انمول رشتہ ہے۔ پاکستان کا استحکام ترقی اور سلامتی ہر محب وطن کے ایمان کا حصہ ہے۔ ملک سے کرپشن، ناانصافی اور مہنگائی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہئے اس کے لئے ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار امن اور مذہبی ہم آہنگی کے لئے سرگرم معروف تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ آف پیس اینڈ ڈیویلپمنٹ انسپاڈ کے صدر سابق مشیر انسانی حقوق حکومت آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد طاہر تبسم، ممتاز سینئر صحافی، انسپاڈ کے نائب صدر جاوید صدیق اور ڈیلی اسلام آباد ٹوڈے کے چیف ایڈیٹر سینئر صحافی سردار شوکت محمود نے یہاں پاک امریکہ سٹریٹیجک پارٹنرشپ ریسرچ آرگنائزیشن کے بانی و ڈائریکٹر ڈاکٹر راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

9 مئی کیس میں حماد اظہر کے جوڈیشل ریمانڈ میں 24 نومبر تک توسیع

حماد اظہر کب بیرک میں کیمروں کیخلاف، بی کلاس سہولیات دینے کی بھی درخواست جمع کرا دی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی سے متعلق کیس میں پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کے جوڈیشل ریمانڈ میں 24 نومبر تک توسیع کر دی۔ جوڈیشل ریمانڈ ختم ہونے پر حماد اظہر کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ حماد اظہر کے وکیل کی جانب سے جیل میں بی کلاس کی سہولت کے لیے درخواست جمع کرائی گئی جبکہ بیرک اور واش روم میں سی سی ٹی وی کیمروں کے خلاف بھی درخواست دی گئی۔ حماد اظہر نے درخواست میں موقف اپنایا کہ بیرک میں بیڈ، کرسی اور میز جیسی بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں، بیرک میں دو سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہیں جو نجی زندگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

12 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) گجر پورہ میں 12 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق بچی دکان سے سامان لے کر گھر واپس آ رہی تھی۔ ہمسایہ ملزم نے بہانے سے بچی کو اپنے پاس بلایا۔ ملزم نے بچی سے نازیبا حرکات اور زیادتی کی کوشش کی۔ بچی کی چیخ وپکار سن کر اہل محلہ فوری موقع پر پہنچے۔



چیئرمین واپڈا محمد سعید، سینئر حکام کے ہمراہ تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے کا دورہ کر کے ٹنل میں پیش آنے والے واقعہ کے تناظر میں صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

نارتھ ہیمپٹن: شاہد ابدالی کے اعزاز میں عشائیہ، پاکستانی وکشمیری کمیونٹی کی بھرپور شرکت

چوہدری شفیع مرحوم کی روایتی مہمان نوازی کی تعریف، طارق شفیع، عابد شفیع، عارف شفیع اور ماجد شفیع نے روایات کو برقرار رکھا

آزاد کشمیر کے حالات اور عوامی مسائل پر سنجیدہ توجہ کی ضرورت ہے، سابق وزیر شاہد ابدالی، شرکاء کو صورتحال سے آگاہ کیا

نارتھ ہیمپٹن (نمائندہ خصوصی) برطانیہ کے شہر نارتھ ہیمپٹن میں آزاد کشمیر کے سابق وزیر صحت ڈاکٹر شاہد ابدالی کے اعزاز میں ایک پروقار عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت دیگر معززین اور دوست احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری طارق شفیع، چوہدری عابد شفیع، چوہدری عارف شفیع اور چوہدری ماجد شفیع کی جانب سے چوہدری شفیع ہاؤس نارتھ ہیمپٹن میں سابق وزیر صحت ڈاکٹر شاہد ابدالی کے اعزاز میں اس خوبصورت اور پروقار عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں شرکاء نے باہمی ملاقاتوں کے دوران آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور بیرون ملک مقیم پاکستانی وکشمیری کمیونٹی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

لاہور کے سکولوں اور کالجوں کی 6 کینٹینیں ناقص خوراک پر بند

35 کو 7 لاکھ 6 ہزار روپے جرمانہ، گلے سڑے پھل، استعمال شدہ آئل اور ایکسپائرڈ اشیا برآمد

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کے حکم پر لاہور کے سکولوں اور کالجوں کے کیفے اور کینٹینوں کی چیکنگ کے دوران قوانین کی خلاف ورزی پر 6 کینٹینیں بند کر دی گئیں جبکہ ناقص انتظامات پر 35 کینٹینوں کو مجموعی طور پر 7 لاکھ 6 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے اور 40 کو اصلاحی نوٹس جاری کر دیے گئے۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائی کے دوران استعمال شدہ آئل، گلے سڑے پھل اور ایکسپائرڈ مصنوعات برآمد ہونے پر 6 سکول کینٹینوں کو بند کیا گیا۔ تعلیمی اداروں میں فروخت ہونے والی خوراک کو سبز، پیلا اور سرخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

بیرسٹر عقیل نے موہڑہ چوک تا گدوال ریلوے کراسنگ روڈ کا افتتاح کر دیا

وزیر مملکت کا عوامی مسائل حل کرنے اور ترقیاتی کاموں کو ترجیح دینے کے عزم کا اظہار

واہ کینٹ (عفت رؤف) مقامی رہنما ڈاکٹر شاہد نواز ملک بھی ہمراہ تھے تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مملکت برائے قانون، انصاف وانسانی حقوق بیرسٹر عقیل ملک نے موہڑہ چوک سے گدوال ریلوے کراسنگ تک کے روڈ کا باضابطہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کی مقامی قیادت بشمول منتظم ڈائریکٹر الملک ہسپتال اینڈ سرجیکل کمپلیکس ایم ایل ڈاکٹر شاہد نواز ملک، سید ابرار الاسلام اور دیگر اہم رہنما بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کے شرکاء اور علاقہ مکینوں سے خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا تھا کہ عوام اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)



وفاقی وزیر بیرسٹر عقیل ملک موہڑہ چوک سے گدوال ریلوے کراسنگ روڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فلوٹنگ ریسٹورینٹ منصوبے کیخلاف درخواست، وکلاء دلائل کے لیے طلب

کینال ہیریٹیج ایکٹ کے تحت نہر پر تعمیرات نہیں ہو سکتیں، درختوں کی کٹائی بھی روکنے کی استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جلو پارک کے قریب نہر پر فلوٹنگ ریسٹورینٹ منصوبے کے خلاف دائر درخواست پر وکلاء کو دلائل کے لیے طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ جسٹس عثمان غنی راشد چیمہ نے شہری اعجاز انور کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ کینال ہیریٹیج ایکٹ کے تحت نہر پر کسی قسم کی تعمیرات نہیں کی جا سکتیں جبکہ فلوٹنگ ریسٹورینٹ کی تعمیر کے لیے نہر کے کنارے درخت بھی کاٹے جا رہے ہیں۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ منصوبے کا تعمیراتی کام فوری طور پر روکنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

واسا مشینری کی خریداری کیلئے 3 ارب 79 کروڑ 65 لاکھ روپے کے فنڈز منظور

سیوریج لائنوں کی صفائی، بارشی پانی کی نکاسی اور فراہمی آب کا نظام جدید بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے واسا کی استعداد کار بڑھانے اور نکاسی آب وفراہمی آب کے نظام کو جدید بنانے کے لیے 3 ارب 79 کروڑ 65 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی ہے، منظوری سیکرٹری ہاؤسنگ کی سفارش پر دی گئی۔ منصوبے کے تحت واسا مشینری کے لیے جدید مشینری خریدی جائے گی تاکہ سیوریج اور ڈرینج کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ فنڈز سے ہائی پریشر جیٹنگ مشینیں خریدی جائیں گی، جن کی مدد سے بند سیوریج لائنوں کی صفائی اور بحالی ممکن ہوگی۔ اس کے علاوہ سیوریج لائنوں سے گندگی نکالنے کے لیے سکشن اور ڈی سلٹنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



لاہور: مچھلی منڈی میں دوکاندار نے مختلف اقسام کی مچھلیاں ٹوکروں میں سجا کر رکھی ہوئی ہیں

سرکاری محکموں میں مالی بے ضابطگیاں، اربوں روپے کی ریکوری

زیادہ ریکوری پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو نے کی، 7 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول کی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری محکموں میں مالی بے ضابطگیوں پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں نے 11 ارب 88 کروڑ 70 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کر لی جس کی تفصیلات دستاویزات میں سامنے آ گئی ہیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون، ٹو اور تھری کی تشکیل سے ستمبر 2026ء تک کی کارکردگی رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ ریکوری چیئرمین علی حیدر گیلانی کی سربراہی میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو نے کی جس نے 7 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول کی۔ دستاویزات کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری نے 2 ارب 70 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری کی جبکہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے ایک ارب 82 کروڑ 11 لاکھ 44 ہزار روپے کی رقم واپس حاصل کی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹیوں نے سرکاری محکموں کے مالی معاملات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی تقریب

جدید شہری منصوبہ بندی، ماحول دوست انفراسٹرکچر اور پائیدار رہائشی سہولیات کے فروغ پر زور

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں مورخہ 10 نومبر 2026 کو ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے 2026 کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر پلاننگ میاں رضوان الرحمان، ہاؤسنگ اتھارٹی کے دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی مناسبت سے کیک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے 2026 کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

آئندہ 2 روز کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی

بارشوں کے باعث سموگ میں کمی اور سردی کی شدت میں اضافہ ہوگا، ترجمان پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) آئندہ 2 روز کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق راولپنڈی، میانوالی، جہلم، منڈی بہاؤالدین، اٹک، چکوال، خوشاب، بھکر، سرگودھا، مری اور گردونواح میں بارش کی پیشگوئی ہے۔ لاہور، قصور، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیر آباد، شیخوپورہ میں بھی بارش کا امکان ہے۔ ڈیرہ غازی خان، لیہ، بھکر، ملتان اور گردونواح میں تیز ہوائیں، بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے صوبہ بھر کے کمشنرز اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستانی کھانوں اور روایتی ملبوسات نے چینی طلبہ کے دل جیت لیے

انٹرنیشنل کلچرل اینڈ آرٹ فیسٹیول، پاکستانی طلبہ نے پہلی پوزیشن حاصل کر لی

چینگدو (این این آئی) پاکستانی طلبہ نے سچوان ایگریکلچرل یونیورسٹی (SAU) میں منعقدہ ساتویں انٹرنیشنل کلچرل اینڈ آرٹ فیسٹیول میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ اس فیسٹیول میں 19 ممالک کے طلبہ نے شرکت کی اور مختلف ثقافتی اسٹالز اور روایتی ملبوسات کی نمائش کے ذریعے اپنی ثقافتوں کو اجاگر کیا۔ گوادر پرو کے مطابق میلے میں دنیا بھر کے مختلف ممالک کے کھانے پینے کے اسٹالز بھی سجائے گئے، جہاں بین الاقوامی طلبہ نے اپنے اپنے ممالک کے خصوصی پکوان پیش کیے۔ پاکستانی ٹیم نے بریانی، چنا چاٹ، میٹھی کھیر اور پاکستانی کالی چائے پیش کی، جس سے طلبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



لاہور: ایک شخص ریڑھی پر دیسی انڈے فروخت کر رہا ہے



گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر شہر یار ان بلور پشاور میں خواتین انٹرپرینیورز کے لئے منعقدہ نمائش میں سٹالز کا جائزہ لے رہی ہیں

مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کیخلاف کریک ڈاؤن، ایک ہفتے میں 302 افراد گرفتار

4 لاکھ 64 ہزار سے زائد انسپکشنز، خلاف ورزیوں پر ایک کروڑ 13 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد، 53 مقدمات درج

عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے متحرک ہیں، سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر صوبہ بھر میں مہنگائی، ناجائز منافع خوری اور اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب کے مطابق گزشتہ ہفتے (3 سے 9 نومبر 2026) کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے صوبہ بھر میں مجموعی طور پر 4 لاکھ 64 ہزار 543 انسپکشنز کیں۔ سرکاری نرخ نامے آویزاں نہ کرنے پر 991,1 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں جبکہ مقررہ نرخوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے پر 18 ہزار 200 کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 1 کروڑ 13 لاکھ 34 ہزار 751 روپے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ڈی آئی جی احمد ناصر ورک کی پروفارما پروموشن کیس کی سماعت 26 نومبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈی آئی جی احمد ناصر عزیز ورک کی پروفارما پروموشن سے متعلق درخواست پر سنٹرل سلیکشن بورڈ کو بھجوائی گئی فائل 26 نومبر کو طلب کر لی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے سماعت کی۔ سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نبیل احمد اعوان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

کبوٹا پنجاب میں زرعی مشینری کے مینوفیکچرنگ پلانٹس قائم کرے، افتخار علی سہو

جدید زرعی ٹیکنالوجی کا فروغ حکومت پنجاب کی ترجیح ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو سے جاپانی کمپنی کبوٹا کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں شن ہیرانا، ماساشی تانا کا اور دیگر نمائندگان شامل تھے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے وفد کا خیر مقدم کیا اور انہیں پنجاب حکومت کے زرعی شعبے کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور کسانوں کی سہولت کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن صوبے کے زرعی شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

لاہور، داخلی وخارجی راستوں پر سخت سکیورٹی، 79 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر سکیورٹی مزید سخت کرتے ہوئے موبائل اسکواڈ نے گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم میں ملوث 79 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران 21 اشتہاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

آزاد جموں کشمیر ٹیوٹا کے وفد کا پنجاب ٹیوٹا کا دورہ

وفد کو ٹیوٹا پنجاب پر تفصیلی بریفنگ، مختلف اداروں کا دورہ بھی کیا

لاہور (این این آئی) آزاد جموں کشمیر ٹیوٹا کے وفد نے ٹیوٹا پنجاب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت چیئرمین ٹیوٹا اور سیکرٹری آزاد جموں کشمیر عامر محمود کر رہے تھے۔ اس موقع پر ٹیوٹا پنجاب کی طرف سے چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر، سی او او ٹیوٹا پنجاب محمد ماجد اقبال سمیت ٹیوٹا پنجاب کے تمام ریجنل ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کا پاکستان مسلم لیگ کے رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو

تجارتی خسارہ 6.14 ارب ڈالر، برآمدات بڑھانے کیلئے اقدامات کیے جائیں: چوہدری سرور

حکومت نمائشی منصوبوں اور ایڈ ہاک ازم سے باہر نکل کر ملکی برآمدات میں انقلابی اضافے کیلئے ایک جامع اور طویل المیعاد تجارتی حکمت عملی کا فوری اعلان کرے

بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملکی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، پہلی ترجیح قرار دیے جانے کے باوجود معیشت دن بدن گر رہی ہے

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ معیشت کو پہلی ترجیح قرار دیے جانے کے باوجود معیشت دن بدن گر رہی ہے، درآمدات میں مسلسل اضافہ اور برآمدات میں کمی سے معیشت اپنے پاؤں پر کیسے کھڑی ہوگی؟ اپنے بیان میں انہوں نے تجارتی خسارے میں 16 فیصد اضافے کی رپورٹس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملکی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، ہماری موجودہ مالیاتی پالیسیاں زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتیں، درآمدی اخراجات قابو میں لانے اور برآمدات بڑھانے کیلئے حکومت صنعت کاروں اور برآمد کنندگان کی مشاورت سے اقدامات کرے۔ جب تک کاروباری طبقہ اور صنعتکاروں کو اعتماد میں نہیں لیا جائے گا اس وقت تک معیشت گرداب میں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق جولائی سے اکتوبر کے دوران تجارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)



کراچی: اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ، ملائیشیا کے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم اور دیگر پاکستان ملائیشیا فرینڈشپ ایسوسی ایشن کی پانچویں ایوارڈز کی تقریب میں شریک ہیں

غیر قانونی موبائل کی خرید وفروخت میں ملوث ملزم گرفتار، 13 موبائل برآمد

لاہور (این این آئی) راوی روڈ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی موبائل کی خرید وفروخت میں ملوث ملزم گرفتار کر کے 13 موبائل برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق ملزم شہروز موبائل کے آئی ایم ای آئی نمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

نارتھ ٹاؤن ریزیڈنسی میں پلاٹ کے نام پر فراڈ کا الزام

خاتون کا جی ایف ایس بلڈرز کے خلاف ایک کروڑ 43 لاکھ روپے سے زائد کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) نارتھ ٹاؤن ریزیڈنسی میں پلاٹ کی مکمل قیمت وصول کرنے کے باوجود زمین کا قبضہ نہ دینے کے معاملے پر متاثرہ خاتون نے جی ایف ایس بلڈرز اور نارتھ ٹاؤن کونڈو کے خلاف عدالت سے رجوع کر لیا۔ خاتون نے سینئر سول جج غربی کی عدالت میں ایک کروڑ 43 لاکھ روپے سے زائد رقم کی واپسی اور ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا۔ متاثرہ خاتون کی جانب سے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے دعوے میں موقف اختیار کیا ہے کہ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

تعلیم، جدت اور جدید ٹیکنالوجی بالخصوص مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تعلیم: وجیہہ قمر

پاکستان رکن ممالک کے ساتھ مل کر جامع اور مساوی تعلیم، جدت، نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا

تعلیمی معیار میں بہتری، ہنرمندی کے فروغ اور علاقائی انضمام کے لیے عملی، مثر اور نتیجہ خیز اقدامات ناگزیر ہیں، وزیر مملکت برائے تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے تعلیمی ادارے کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے پانچویں اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے علاقائی تعلیمی تعاون، علمی شراکت داری اور انسانی وسائل کی ترقی کے فروغ کے لیے حکومت پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ورچوئل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے پاکستان کا قومی موقف پیش کیا اور کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت معیاری تعلیم تک رسائی میں بہتری، سکولوں سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے، اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور فنی وپیشہ ورانہ تربیت کو مستحکم بنانے کے لیے جامع تعلیمی اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔

کمشنر لاہور ڈویژن محمد جہانزیب نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور ڈویژن محمد جہانزیب نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ کمشنر لاہور محمد جہانزیب کی کمشنر آفس آمد پر افسران نے پرتپاک خوش آمدید کہا۔ کمشنر لاہور ڈویژن محمد جہانزیب پی اے ایس کے گریڈ 20 کے سینئر آفیسر ہیں۔ کمشنر لاہور محمد جہانزیب اس سے قبل سیکرٹری سروز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، زخمی سمیت دو مبینہ ڈاکو گرفتار

زخمی ملزم محمد شہباز عباسی شہید اسپتال منتقل، دوسرے ملزم کی شناخت محمد سلیمان کے نام سے ہوئی

کراچی (این این آئی) اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے میں اقبال مارکیٹ پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت دو ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس مقابلے میں زخمی ہونے والے ملزم کی شناخت محمد شہباز کے نام سے ہوئی ہے، جسے چھیپا ایمبولینس کے ذریعے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم کی شناخت محمد سلیمان کے نام سے ہوئی ہے، جسے پولیس نے تھانے منتقل کر دیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں پی آئی ایل ایل کی اسٹیک ہولڈرز کی مشاورتی نشست سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کو غیر ملکی قرضوں سے نجات اور معاشی اصلاحات متعارف کرانا ہوں گی: سردار مسعود

معاشی اصلاحات، ملکی وسائل پر انحصار اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی ناگزیر ہے

غیر ملکی قرض اور دوست ممالک کی مالی معاونت مستقل معاشی حکمت عملی کا متبادل نہیں ہو سکتی، سابق صدر آزاد کشمیر کا ٹی وی انٹرویو میں اظہار خیال

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین واقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو بار بار غیر ملکی قرضوں، مالی معاونت اور عارضی مالی ڈپازٹس پر انحصار سے نجات حاصل کرنے کے لیے جامع معاشی اصلاحات متعارف کرانا ہوں گی، ملکی وسائل سے آمدن بڑھانا ہوگی اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے لیے تین ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی مدت میں توسیع کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملکی زرمبادلہ کی پوزیشن مستحکم رکھنے کے لیے اہم سہارا قرار دیا۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ دوست ممالک کی مالی معاونت پر مسلسل انحصار پاکستان کو معاشی طور پر کمزور اور غیر محفوظ بنا سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قریبی دوست ممالک بھی بار بار مالی مدد فراہم کرتے کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)